تو کتنا اچھا ہوتا۔ بہر حال سیرت کے موضوع پر یہ ایک شاندار اور جاندار اضافہ ہے، جس پر مدیر محترم اور دیگر اراکین ماہنامہ لائق صدتحسین و مبارکباد ہیں۔ 556 صفحات کی ضخامت کے اس خوبصورت اور علمی نمبر کی تعارفی قیمت 500 روپے ہے اور پاکستان کے تمام اچھے کتب خانوں میں دستیاب ہے۔ (م۔ا۔مدنی)

خطبات ومواعظ جمعہ......مولانا مشتاق احمد عباسی صاحب

خطیب کی خطابت اور ادیب کا قلم وہ موثر ہتھیار جس سے وہ پتھر جیسے دل کو موم بنا دیتا ہے خطابت کی تاریخ بہت قدیم ہے خطابت نبوی ہمارے حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ کا ایک روشن باب ہے۔ خطابت کے حوالے سے برصغیر میں مجلس احرار اسلام کا دور بڑا سنہرا تھا جسمیں مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی، امیر شریعت سید عطاء اللہ بخاری، آغا شورش کاشمیری چوہدری افضل حق وغیرہ نے اس پورے خطے میں اپنی خطابت کا لوہا منوایا۔ لیکن سیاسی خطابات کے علاوہ نماز جمعہ کے وقت خطبہ پر امام وخطیب کیلئے ایک بہترین ہتھیار ہے، جس کے ذریعے وہ عوام الناس کی علمی، فکری نظریاتی اصلاح کرسکتا ہے زیر تبصرہ کتاب ''خطبات ومواعظ جمعہ'' مشہور خطیب مولانا مشتاق عباسی صاحب کی کاوش ہے جسمیں عوام کی دینی رہنمائی، ضروریات دین، غلط عقائد ورسومات کی اصلاح کیساتھ ساتھ طریقت، حقیقت، معرفت، ولایت، نصب امام اور جہاد فی سبیل اللہ جیسے اہم موضوعات ہر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ مصنف نے سال بھر کے ۵۲ جمعوں کے حساب سے ۵۲ خطبات کیے ہیں جسمیں ہر جمعہ کو خطیب کیلئے آسان سے نئی موضوع اور نئے عنوان ہر گفتگو کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے کتاب کے ابتدائیہ میں مصنف نے چند اہم مفید باتیں ذکر کیے ہیں۔ جسمیں صفحہ ۱۱ پر لکھتے ہیں ''حکمت و مصلحت کیساتھ شریعت کی باتیں بیان کی جائیں، چوٹیں لگانا یا شرمسار کرنا متنفر کرنا نہ ہو، بجائے اس کے کہ لوگ صحیح عقائد پر آجائیں ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے غلط عقائد پر اور پختہ ہو جائیں'' اگر ہمارے ہاں خطبات جمعہ میں اس اصول کا خیال رکھا جائے تو معاشرے میں ایک مؤثر مثبت تبدیلی رونما ہوسکتی ہے کتاب میں مواد عموماً بہتر ہے مگر کتابت وطباعت کا معیار انتہائی کمزور ہے۔ جبکہ بعض جگہ ترتیب میں بھی خامیاں موجود ہیں۔ یہ علمی سوغات ادارہ صدقتہ نزد حسین ڈی سلوا بلڈنگز ،گارڈن ویسٹ کراچی سے 300 روپے میں دستیاب ہے۔ (م۔ا۔مدنی)

ماہنامہ حکمت بالغہ خصوصی نمبر ''یاجوج ماجوج''

حتیٰ اذا فتحت یاجوج وماجوج وھم من کل حدب ینسلون

''یہاں تک کہ جب یاجوج ماجوج کھول دیئے جائیں اور وہ ہر بلندی سے اُتر رہے ہوں''

ماہنامہ ''حکمت بالغہ'' کا خصوصی نمبر ''یاجوج ماجوج'' شوال ۱۴۳۳ھ کی ایک ایسی علمی، ادبی تحقیقی اور مذہبی کاوش ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔ یہ مدیر مسئول انجینئر مختار فاروقی کے قلم سے نکلے ہوئے سنہری حروف ہیں، جس میں یاجوج ماجوج کا تذکرہ قرآن وسنت کی روشنی میں کیا گیا ہے، اس کے علاوہ عظیم اہل قلم مولانا ابوالکلام آزادؒ مولانا مناظر احسن گیلانیؒ اور محمد